وقت: تین گھنٹے

تنظیم المدارس اہلسنت پاکستان رجسٹرڈ

کل نمبر: ۱۵۰

امتحان سالانہ　　م۔۸/۲　　درجہ متوسطہ سال سوم (مڈل)　　برائے طلبہ　　سال ۱۴۴۳ھ

دوسرا پرچہ: فارسی وارد و ادب

نوٹ: تمام سوالات حل کریں۔

حصہ اول۔۔۔فارسی

سوال نمبر1:۔ درج ذیل میں سے کسی دو کے بنانے کا طریقہ لکھیں۔ ۱۰

(۱) ماضی قریب　(۲) ماضی احتمالی مجہول　(۳) اسم فاعل

سوال نمبر2:۔ درج ذیل کے پانچ جملوں کا ترجمہ کریں۔ ۱۰

(۱) کشادہ شدہ اند (۲) اندیشیدہ بودم (۳) پرودرہ شدہ بودیم (۴) مے پیچیدید (۵) زدہ می شدیم (۶) مے آویزیم

سوال نمبر3:۔ ذیل کے پانچ جملوں کی فارسی بنائیں۔ ۱۰

(۱) چاہیے کہ میں پہچانا جاؤں۔　(۲) وہ پکائیں گے۔ (۳) لاتا ہے وہ ایک آدمی۔ (۴) تم مارے جاتے تھے۔

(۵) میں پالا گیا تھا۔　(۶) ہم بخشے گئے ہیں۔　(۷) میں نے پیا۔

سوال نمبر4:۔ ذیل کے پانچ صیغوں کی بحث اور صیغہ بتائیں۔ ۱۰

(۱) باید کہ بیارم (۲) خواھند بُرد (۳) آوردہ می شود (۴) فہمیدہ باشید (۵) آوردہ باشم (۶) آوردہ شدہ بودی (۷) خواندہ ایم

حصہ دوم۔۔۔پندنامہ

سوال نمبر5:۔ درج ذیل میں سے پانچ اشعار کا ترجمہ کریں۔ ۳۵

(۱) مردہ صد سالہ راحے می کند　ایں بجز حق دیگرے کے می کند

(۲) آں رسول حق کہ خیر الناس بود　عم پاکش حمزہ و عباس بود

(۳) دائما در فسق و عصیاں ماندہ ایم　ہمقرین نفس و شیطاں ماندہ ایم

(۴) آنکہ رنجانہ تراعذرش پذیر　تابیابی مغفرت بروے مگیر

(۵) روزباں را در دہاں محبوس دار　وزخلائق خویش را مایوس دار

(۶) چوں کند سلطاں کرم بالشکری　بہر او بازند صد جاں سرسری

(۷) چونکہ دل بے یاد اللہت بود　دیو ملعوں یار و ہمراہت بود

(۸) ہر کرا ذوق نکو نامی بود　خاص مشمارش کہ اُو عامی بود

حصہ سوم۔۔۔اردو ادب

سوال نمبر6:۔ پانچ کے مختصر جوابات تحریر کریں۔ ۲۰

(۱) بیالوجی کا لفظ کن دو یونانی لفظوں سے مل کر بنا ہے؟　(۲) مسلمان مثالی طالب علم کی صفات کیا ہیں؟

(۳) نبی کریم ﷺ نے امت مسلمہ کو کس چیز سے تعبیر کیا؟　(۴) کس طرح اور کن اصولوں پر ہمیں زندگی بسر کرنی چاہیے؟

(۵) ادبی تحریریں کون سی ہوتی ہیں؟　(۶) حضرت عمر بن عبدالعزیز رحمہ اللہ کہاں پیدا ہوئے؟

(۷) موسم گرما میں کن چیزوں سے لطف اٹھایا جاتا ہے؟

سوال نمبر7:۔ دو کے جوابات تحریر کریں۔ ۲۰

(۱) بحیثیت انسان دوسروں کے ساتھ ہمارا رویہ کیسا ہونا چاہیے؟

(۲) کن ممالک میں تقریباً بارہ مہینے بارشیں ہوتی ہیں؟

(۳) خلیفہ منتخب ہونے سے پہلے حضرت عمر بن عبدالعزیز رحمہ اللہ کس طرح کی زندگی گزار رہے تھے؟

سوال نمبر8:۔ کسی ایک سبق کا خلاصہ لکھیں۔ ۲۰

(۱) درد دل کے واسطے پیدا کیا انسان کو　(۲) ادب کی اہمیت　(۳) ملی وحدت

سوال نمبر9:۔ پانچ الفاظ کو جملوں میں استعمال کریں۔ ۱۵

چوغہ　نفع بخش　قحط　غلہ　قطار اندر قطار　یخنی　بیت المال

تیسرا پرچہ: ریاضی ومعاشرتی علوم

نوٹ: تمام سوالات حل کریں۔

حصہ اول۔۔۔۔حساب

سوال نمبر1:۔ درج ذیل میں سے پانچ اجزاء کے مختصر جوابات تحریر کریں۔ ۲۰=۴x۵

(۱) تناسب مرکب کیا ہے؟ (۲) تناسب راست کسے کہتے ہیں؟ (۳) تناسب معکوس کیا ہے؟

(۴) اگر a,b,c اور d تناسب راست ہوں تو کیسے لکھیں گے؟ (۵) خالص آمدنی کسے کہتے ہیں؟ (۶) ٹیکس کسے کہتے ہیں؟

سوال نمبر2:۔ درج ذیل میں سے کوئی دو اجزاء حل کریں۔ ۲۰=۱۰x۲

(۱) اگر 60 عورتیں 8 گھنٹے روزانہ کام کر کے 48 کلوگرام کپاس چنتی ہیں تو 30 عورتیں 12 گھنٹوں میں روزانہ کام کر کے کتنی کپاس چن لیں گی؟

(۲) ایک چیز کی لکھی ہوئی قیمت 500 روپے ہے اگر اس پر 15 فیصد کمیشن ہو تو کمیشن کی رقم معلوم کریں اور رعایتی رقم بھی بتائیں۔

(۳) ایک مربعی کھیت کا رقبہ 14400 مربع میٹر ہے اسکے ضلع کی لمبائی معلوم کریں۔

سوال نمبر3:۔ درج ذیل میں ہر جز کے دو، دو اجزاء حل کریں۔ ۲۰=۴x۵

(۱) درج ذیل کسور کا جذر معلوم کریں۔

(۱) $5\frac{41}{64}$ (۲) $\frac{784}{841}$ (۳) $\frac{144}{255}$

(۲) درج ذیل کے جذر بذریعہ تقسیم معلوم کریں۔

(۱) 4225 (۲) 7744 (۳) 1225

حصہ دوم۔۔۔۔معاشرتی علوم

سوال نمبر4:۔ درج ذیل میں سے پانچ اجزاء کے مختصر جوابات لکھیں۔ ۲۰=۴x۵

(۱) دب اکبر سے کیا مراد ہے؟ (۲) قشر ارض سے کیا مراد ہے؟ (۷) گھریلو صنعت کسے کہتے ہیں؟

(۳) کون کون سے عوامل پیشے کے انتخاب پر اثر انداز ہوتے ہیں؟

(۴) آبادی کی گنجانی سے کیا مراد ہے؟ (۵) زراعت کے لیے رائج طریقوں کے نام تحریر کریں۔

(۶) آماوس کی رات کس رات کو کہتے ہیں؟

سوال نمبر5:۔ درج ذیل میں سے دو اجزاء کے جوابات تحریر کریں۔ ۲۰=۱۰x۲

(۱) تجارت کی اہمیت پر نوٹ لکھیں (۲) قاہرہ، استنبول اور مکہ معظمہ میں سے کسی ایک کا تعارف تحریر کریں۔

(۳) نظام شمسی کسے کہتے ہیں اس نظام کے تحت کتنے اور کون کون سے سیارے شامل ہیں سب سے بڑا اور سب سے چھوٹا سیارہ کون سا ہے؟

وقت: تین گھنٹے
تنظیم المدارس اہلسنت پاکستان رجسٹرڈ
کل نمبر: ۱۵۰
امتحان سالانہ م۔۸/۴ درجہ متوسطہ سال سوم (مڈل) برائے طلبہ سال ۱۴۴۳ھ

چوتھا پرچہ: جنرل سائنس وانگلش

نوٹ: حصہ اول سے کوئی سے تین سوال جبکہ حصہ دوم کے تمام سوالات حل کریں۔

حصہ اول۔۔۔جنرل سائنس

سوال نمبر1:۔ درج ذیل میں سے پانچ اصطلاحات کی تعریف کریں۔ ۲۵

(۱) سپیشیز (۲) پیتھوجینک بیکٹیریا (۳) سپونجز (۴) کولڈ بلڈڈ (۵) کمیونٹی (۶) ڈی فارسٹیشن (۷) ری سائیکلنگ

سوال نمبر2:۔ درج ذیل میں سے کوئی سے پانچ کے جوابات تحریر کریں۔ ۲۵

(۱) کلاسیفیکیشن اور سٹرلائزیشن کی تعریف کریں۔ (۲) انسان میں بیکٹیریا کی وجہ سے پھیلنے والی چار بیماریوں کے نام لکھیں۔

(۳) فلیٹ ورم، راؤنڈ ورم اور سیگمنٹڈ ورم میں فرق بتائیں۔ (۴) انسان میں پائے جانے والے دو پیراسائٹس کے نام لکھیں۔

(۵) نقل مکانی سے کیا مراد ہے؟ (۶) گرین ہاؤس ایفیکٹ کیسے پیدا ہوتا ہے؟

سوال نمبر3:۔ شہری آبادی میں اضافہ کس قسم کے ماحولیاتی مسائل کو جنم دیتا ہے؟ ۲۵

سوال نمبر4:۔ فنجز کی امتیازی خصوصیات بیان کریں اور مثالیں تحریر کریں۔ ۲۵

سوال نمبر5:۔ بیکٹیریا کے فوائد اور نقصانات بیان کریں۔ ۲۵

حصہ دوم۔۔۔انگلش

Q.No.6: Translate into Urdu any one of the following. 20

(i)Uncle: your school I hear just reopened after vacation and I do not think you have missed much. I think that with just little extra effort you could easly make up your deficiency in your studies.Qasim:No uncle I have certainly missed many important lessons and I know I shell have to work pretty hard .I am glad I have already started doing so.

(ii)One night a thief came to his bedroom. The old man was very much frightened, he did himself under his bed and let the thief operate. The thief dug up the hole and began to take out the money. When old man saw his money he gave a loud shriek. The thief got frightened . He dropped the money and ran away.

Q.No.7: Answer any four of the following questions. 20

(i)Why did Qasim go to Dubai? (ii)What two subjects Qasim find though?

(iii)What has Qasim decided to do? (iv)What should Muslims do?

(v)What did the forgetful man do when a thief came to his bedroom?

Q.No.8: Write the meaning of any ten of the following words. 20

(i) Particularly(ii)Excited (iii) Loans(iv) found(v) Regularly (vi)Standard

(vii)Language (viii)Agriculture (ix) Exam (x) Misfortune (xi) certainly (xii) study

Q.No.9: Write an Application for urgent piece of work at home. 15

or

Write a short essay on any one of the following.

(i) My best friend (ii) My jamia

تنظیم المدارس اہلسنت پاکستان

درجہ متوسط+تجوید وقراءت

سالانہ امتحان" الشہادۃ المتوسطۃ/تجوید وقراءت"(مڈل) برائے طلبہ سال ۱۴۴۳ھ 2022ء

وقت: تین گھنٹے | پانچواں پرچہ: عقائد وفقہ | کل نمبر: ۱۰۰

نوٹ: تمام سوالات حل کریں۔

عقائد وفقہ

سوال نمبر 1:۔ درج ذیل میں سے دس سوالات کے مختصر جوابات تحریر کریں۔ ۳×۱۰=۳۰

(۱) ایمان کسے کہتے ہیں؟
(۲) اسلام کا کلمہ کیا ہے؟
(۳) کافر کی بخشش ہوگی یا نہیں؟
(۴) تم کس امت میں ہو؟
(۵) ختم نبوت کا کیا معنی ہے؟
(۶) منافق کون ہیں؟
(۷) جو شخص قرآن پڑھنا نہ سیکھے وہ کیسا ہے؟
(۸) سب سے پہلے کون اسلام لایا؟
(۹) نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی والدہ محترمہ کا نام کیا ہے؟
(۱۰) جو حضور کو اپنے جیسا بشر کہے وہ کون ہے؟
(۱۱) یہ کیسے معلوم ہوا کہ قرآن اللہ کی کتاب ہے؟
(۱۲) جنت کی سب سے بڑی نعمت کون سی ہے؟

سوال نمبر 2:۔ درج ذیل میں سے دس سوالات کے مختصر جوابات تحریر کریں۔ ۳×۱۰=۳۰

(۱) نماز کس پر فرض ہے؟
(۲) اذان کہنے والے کو کیا کہتے ہیں؟
(۳) وضو کرنے سے پہلے کیا پڑھا جاتا ہے؟
(۴) تکبیر کہنا کس کا حق ہے؟
(۵) پانچ وقت کی نمازوں میں کتنی رکعات فرض ہیں؟
(۶) جماعت سے نماز پڑھنے میں کتنا ثواب ملتا ہے؟
(۷) کیا بچوں پر بھی نماز فرض ہے؟
(۸) وضو کسے کہتے ہیں؟
(۹) اکیلے نماز پڑھنے والے کو کیا کہتے ہیں؟
(۱۰) پانچ نمازوں کے نام کیا ہیں؟
(۱۱) آدمی کس عمر میں بالغ ہوجاتا ہے؟
(۱۲) وتر کی نماز فرض ہے یا سنت؟

سوال نمبر 3:۔ صرف چار سوالات کے جوابات تحریر کریں۔ ۱۰×۴=۴۰

(۱) وضو کے بعد کی دعا تحریر کریں۔
(۲) اذان کے بعد کی دعا تحریر کریں۔
(۳) ایمان مجمل تحریر کریں۔
(۴) چوتھا کلمہ تحریر کریں۔
(۵) پانچویں کلمے کا ترجمہ تحریر کریں۔

درجہ متوسطہ+تجوید و قراءت

سالانہ امتحان " الشهادة المتوسطة/تجوید و قراءت "(مڈل) برائے طلبہ سال ۱۴۴۳ھ 2022ء

وقت: تین گھنٹے | چھٹا پرچہ: صرف ونحو | کل نمبر: ۱۰۰

نوٹ: دونوں حصوں سے دو دو سوال حل کریں۔

حصہ اول۔۔۔صرف

سوال 1:۔(الف) علم صرف کی تعریف، موضوع اور غرض بیان کریں۔ ۱۵

(ب) مثبت اور منفی کی تعریفات مع امثلہ تحریر کریں۔ ۱۰

سوال نمبر 2:۔(الف) کلمہ کی تینوں قسموں کی تعریف مثالوں کے ساتھ لکھیں۔ ۱۵

(ب) فعل ماضی مطلق کی گردان مع ترجمہ تحریر کریں۔ ۱۰

سوال نمبر 3:۔(الف) دوازدہ اقسام میں سے دس کے نام تحریر کریں۔ ۱۰

(ب) درج ذیل میں سے تین کی تعریفات مع امثلہ تحریر کریں۔ ۱۵

مثال ثلاثی مجرد مہموز مضاعف مصدر

حصہ دوم۔۔۔نحو

سوال نمبر 4:۔(الف) جملہ خبریہ کی قسمیں مثالوں سمیت بیان کریں۔ ۱۰

(ب) جملہ انشائیہ کی تعریف کریں اور اس کی اقسام کے نام بھی تحریر کریں۔ ۱۵=۱۰+۵

سوال نمبر ۵:۔(الف) اسم کی کم از کم پانچ علامات لکھیں۔ ۱۰

(ب) درج ذیل میں سے تین کی تعریفات مع امثلہ تحریر کریں۔ ۱۵=۳×۵

مرکب بنائی معرب مرکب مفید مبنی

سوال نمبر 6:۔(الف) علم نحو کی تعریف، موضوع اور غایت تحریر کریں۔ ۱۵

(ب) مذکر و مؤنث کی تعریفات مع امثلہ و علامات تانیث تحریر کریں۔ ۱۰=۴+۳+۳